© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نظرات

## علماءِ کرام سے خطاب ــــــــــ (۲)

اس وقت مسلمانوں کو جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ صحیح اسلامی تربیت دماغی ہے۔ دماغی تربیت سے مراد اُن کو علوم و فنون سے آشنا کرنا اور فلسفۂ و منطق کے مسائل سے اُن کو واقف بنانا نہیں، بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ عام اور خاص، جاہل اور عالم، امیر اور غریب سب کی ذہنیتوں کو بیدار کر کے اُن میں ایک صالح جماعتی احساس، اور جذبۂ قومیت پیدا کر دیا جائے جس طرح اسلام کے عہدِ عروج و ترقی میں ایک ایک مسلمان اپنے تئیں ایک مخصوص نظامِ جماعت کا پابند اور ایک مخصوص اطوارِ معیشت و معاشرت رکھنے والی جماعت کا فرد سمجھتا تھا۔ اسی طرح آج مسلمانانِ ہند کو پھر اُسی رشتۂ اخوت و نظامِ اجتماعی میں منسلک کر دینا ہے۔ اس احساس کے پیدا کر دینے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ملّی نظام کے ماتحت جتنے شعبے قائم ہونگے وہ باہم ایک دوسرے پر اعتماد کرنا سیکھینگے، اور آپس میں رشک و رقابت رکھنے کی آگ جو اُن کو جلا کر خاک سیاہ کیے دے رہی ہے، وہ سرد ہو کر رہ جائیگی۔ اُن کی مثال ایک مشین کے کل پرزوں کی ہوگی جو سب مل کر اپنا اپنا کام کرتے ہیں، اور اُن میں سے کوئی ایک دوسرے کے لیے مانع نہیں ہوتا۔ ان پرزوں کے اس اتفاق عمل کا ہی نتیجہ ہوتا ہے کہ مشین چلتی ہے اور اپنا کام کرتی ہے۔ ان میں سے اگر کسی ایک پرزہ میں فتور آ جائیگا تو ظاہر ہے مشین رُک جائیگی، اور وہ اپنا کام جاری نہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رکھ سکیگی۔

---

ہندوستان کے مسلمانوں میں آج جتنے امراض نظر آرہے ہیں وہ سب اسی دماغی تربیت کے فقدان سے پیدا ہوئے ہیں۔ایک طرف اُن کی تمدنی اور معاشرتی حالت اس قدر تباہ ہے کہ اگر کوئی شخص ان کی زندگی کو دیکھ کر اسلامی تہذیب وکلچر کا خاکہ تیار کرنا چاہے تو وہ اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔جن خاندانوں میں انگریزی تعلیم کا چرچا ہے، اُن کی معاشرت از فرق تا بقدم انگریزی تہذیب کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔اور مصیبت بالائے مصیبت یہ ہے کہ یہ سیلاب تفرنج اب اسلامی حرم کی دیواروں تک ہی محدود نہیں رہا۔بلکہ اندرونِ خانہ گھس کر اُس نے خواتین اسلام کی معاشرت اور اُن کے اطوار بودوباش پر بھی بہت بُرا اثر کیا ہے۔بڑے بڑے شہروں کے ممتاز اسلامی خاندانوں کو دیکھیے تو پردہ رخصت ہوچکا ہے، اور جتنا کچھ رہ گیا ہے، زمانہ کی رفتار بتا رہی ہے کہ وہ بھی چند دنوں کا مہمان ہے۔اُس کے بعد جب دیدارِ عام کا دورِ نامبارک آئیگا تو خدا ہی بہتر جانتا ہے تقویٰ وطہارت کو کن جاں گسل حوادث سے مقابلہ کرنا پڑیگا۔سینما اور تھیٹر جن میں عموماً مخرب اخلاق تصویریں دکھائی جاتی ہیں اور دل و دماغ کو پراگندہ کردینے والے ڈرامے ایکٹ کیے جاتے ہیں، اب ہماری معاشرت میں ایک ایسی روزمرہ کی چیز ہوگئی ہے کہ گویا اس میں کوئی خرابی ہی نہیں ہے۔

بڑے بڑے شرفا اپنی بیویوں، ناکتخدا لڑکیوں، بہنوں، بھائیوں کے ساتھ روزانہ سینما دیکھتے ہیں، اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔پھر اس پر ہی اکتفا نہیں ہوتا بلکہ اپنے گھر آکر خاندان کے مرد اور عورت رات کے کھانے پر یکجا ہوکر دیکھی ہوئی فلم کے متعلق تبادلۂ خیالات کرتے ہیں۔بیگم کہہ رہی ہیں "غوری" خوب ایکٹ کرتا ہے۔اُس نے فلاں پارٹ کس خوبی کے ساتھ ادا کیا ہے، اور میاں فرماتے ہیں "مگر صاحب مس کجن نے تو کمال ہی کردیا، آپ نے دیکھا نہیں پنہاری کا کام اُس نے کس نیچرل طریقہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقتصادی حالت سے متعلق ہے پس اب آپ خود قیاس کر لیجیے کہ جب پنجاب کے مسلمان اقتصادی اعتبار سے اتنے تباہ حال ہیں تو دوسرے صوبوں کے مسلمانوں کا کیا حال ہوگا جن کی حالت پنجابی مسلمانوں سے بھی زیادہ ابتر ہے۔

ایک مرتبہ اخبار "وکیل" نے امرتسر کے مسلمانوں کی اقتصادی حالت کا دردناک نقشہ ان الم انگیز الفاظ میں کھینچا تھا۔

علی الصباح جب دنیا کی قومیں اپنا کاروبار انجام دینے کے لیے بیدار ہوتی ہیں تو کانوں میں "اللہ اکبر" کی جزیلی صداؤں کے ساتھ گداگروں کی اداسی پیدا کرنے والی دردانگیز آوازیں بھی آتی ہیں جو حساس دلوں کو بے چین کیے بغیر نہیں رہتیں۔ یہ گداگر کون لوگ ہیں؟ ذرا تحقیق کیجیے تو معلوم ہوگا کہ ان میں ننانوے فیصدی مسلمان ہیں۔ ان میں بچے بھی ہیں، بوڑھے بھی ہیں، مرد بھی ہیں، عورتیں بھی ہیں۔ یہ نظارہ سارا دن اور بہت رات گئے آنکھوں کے سامنے رہتا ہے۔ (منقول از لکچر مولانا سید طفیل احمد صاحب)

مسلمانوں کے اس افلاس، بے مائگی اور بے سروسامانی کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ غیر مسلم قوموں کی نظروں میں ذلیل ہوگئے ہیں۔ اُن کی ہمسایہ قوم دولت کے نشہ میں مست ہے، وہ سمجھتی ہے کہ جب چاہینگے مسلمانوں کو دبا لینگے۔ پنجاب کا ایک ہندو اخبار کس جرأت اور بے باکی سے لکھتا ہے۔

ہندوؤں کے پاس ایک طاقت ہے اور وہ طاقت روپیہ کی ہے جس سے وہ فوائد عظیم حاصل کر سکتے ہیں۔ انفرادی اور مجموعی حیثیت سے ہندو مسلمانوں سے بدرجہا زیادہ دولتمند ہیں۔ پنجاب کے تقریباً ہر ایک قصبہ میں اگر ایک مسلمان ایسا ہے جس کے پاس ایک لاکھ روپیہ ہے تو اس کے مقابلہ میں ایک لاکھ روپیے رکھنے والے بیس ہندو ہیں۔"

مولانا سید طفیل احمد صاحب نے مسلمانانِ پنجاب کی اقتصادی حالت پر انجمن حمایت اسلام لاہور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے جلسہ میں جو لکچر پڑھا تھا اُس میں وہ ہندو اخبار کے اس گھمنڈ پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"میں سمجھتا ہوں کہ مسلمانوں کی اعلیٰ معاشرت اور اُن کے ظاہری ٹھاٹھ سے لالہ صاحب کو یہ حسنِ ظن پیدا ہو گیا ہے کہ قصبات میں بعض مسلمانوں کے پاس ایک لاکھ روپیہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ شہروں میں بھی بہت کم ایسے مسلمان نکلینگے کہ جن کے پاس نقد ایک لاکھ روپیہ ہو"۔

---

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک "کاد الفقر ان یکون کفرا" (قریب ہے کہ تنگدستی کفر کا سبب بنجائے) اگر درست ہے تو پھر آپ کو تعجب نہ ہونا چاہیے اگر اس عام افلاس و خستہ حالی کے باعث مسلمانوں میں اخلاقی جرائم کی کثرت پائی جاتی ہے۔ اُن کے حوصلے پست اور ہمتیں قاصر ہو گئی ہیں۔ اور دوسری قومیں اس سے فائدہ اُٹھا کر اُن پر طرح طرح کے مکر و فریب کے دام پھینک رہی ہیں اور فقر و فاقہ سے تنگ آئے ہوئے مسلمان اُس میں آسانی سے پھنس جاتے ہیں۔ ہندو سرمایہ داری جونک کی طرح مسلمان مزدوروں اور کاریگروں کے خون کو چوس رہی ہے اور وہ روز بروز کمزور سے کمزور تر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔

---

اب تعلیمی حالت پر ایک نظر ڈالیے تو یہاں بھی آپ کو وہی دہشت انگیز منظر اور دریائے حیرت و تاسف میں غرق کر دینے والا سماں نظر آئیگا، اوّل تو مسلمانوں میں تعلیم یافتہ ہی کتنے ہیں، اور پھر جو ہیں بھی تو آپ غور کیجیے کیا اُن کی علمی زندگی دراصل اُن کی تعلیم یافتگی کی آئینہ دار ہے؟ تعلیم کا مقصد طوطے کی طرح صرف چند باتوں کو رٹ لینا نہیں ہے، اور نہ اس کا مقصد یہ ہے کہ کوئی شخص کسی غیر قوم کی زبان کو سیکھ کر اُس میں بات چیت کرنے لگے۔ اُس زبان کے اخبارات، ناولوں اور افسانوں کا مطالعہ کرنے کے لائق ہو جائے۔ بلکہ تعلیم کا اصل منشا رہے ذہن و دماغ کی صحیح تربیت، استوار ذہنیت کا پیدا کرنا



© rasailojaraid.com

کیرکٹر بنانا، قوتِ فکر کا روشن ہونا، دنیا کے حوادث و واقعات پر ایک مبصرانہ نگاہ ڈال کر اُن سے اپنی زندگی کے لیے کوئی سبق حاصل کرنا۔ اگر کسی تعلیم کے یہ فوائد مرتب ہوتے ہیں تو وہ دراصل صحیح تعلیم ہے۔ ورنہ اگر اس سے روایاتِ قومی کی تحقیر، اجنبی اقوام کے تمدن و تہذیب کی اندھی تقلید اور غیر مآل اندیشی و بے راہروی کا، اسراف و تبذیر کا، نمود و نمائش کا، اور عیش پرستی و عشرت کوشی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے تو وہ تعلیم تعلیم نہیں، بلکہ سراسر جہل اور ضلالت و گمراہی ہے جس کا جلد سے جلد استیصال ہو جانا چاہیے۔ اسی بناء پر صادق مصدوق نبی اُمّی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللھم انی اعوذ بک من علم لا ینفع" اے اللہ میں ایسے علم سے پناہ مانگتا ہوں جو نافع نہ ہو۔ اور دوسرے موقع پر ارشاد ہوا:۔

العلم بلا عملٍ وبالٌ والعمل بلا علمٍ ضلالٌ ۔ علم بغیر عمل کے وبال ہے اور عمل بغیر علم کے گمراہی ہے۔

اس حقیقت کو سامنے رکھ کر اب بتائیے کہ یہ جو ہر سال آپ کی یونیورسٹیوں، اسکولوں اور کالجوں سے بی۔ اے ایم اے اور مدرسوں سے مولوی فاضل و منشی فاضل ہزاروں کی تعداد میں حشرات الارض کی طرح پیدا ہو رہے ہیں کیا اسلامی نقطۂ نگاہ سے واقعی تعلیم یافتہ کہلانے کے مستحق ہیں۔ کیا ان کے افکار روشن اور قوتِ عمل بیدار ہے، کیا اُن کی ذہنیتیں استوار، اور اُن کے دماغ درست نشو و نما یافتہ ہیں۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو کیا ہم ان تعلیم یافتہ لوگوں کی تعداد میں سال بسال اضافہ ہونے پر نوحہ و ماتم نہ کریں۔ کیا ہم اپنے نونہالوں کی اس دماغی ویرانی و تباہ حالی پر رنج و افسوس کا اظہار نہ کریں۔

---

یہ ہیں اجمالی طور پر جسم مسلم کے وہ زخمہائے کہنہ جن میں سے اب ہر ایک عرصۂ دراز تک رِستے رہنے کی وجہ سے ناسور بن گیا ہے اور جنہوں نے تمام جسم کو گلا سڑا کر متعفن کر دیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا یہ قوم مسلم کی زبوں حالیاں علماءِ کرام کی توجہ و التفات کی مستحق نہیں ہیں اور کیا ان میں اس کی ضرورت نہیں ہے کہ تھوڑی دیر کے لیے "سیاسی تنظیم" کی ہنگامہ آرائیوں سے الگ ہو کر وہ ان حقائق پر غور کریں۔ اس سلسلہ میں علماء کرام کیا کر سکتے ہیں۔ اس کے

© rasailojaraid.com



# فہمِ قرآن

سلسلہ کے لیے دیکھیے برہان فروری ۱۹۳۹ء

اس میں شبہ نہیں کہ قرآن مجید میں متعدد مقام پر ذکر سے مُراد کوئی خاص عبادت نہیں بلکہ صرف یاد کرنا ہی ہے، جیسے آیات ذیل میں۔

(۱) واذکروا اللہ کثیراً لعلکم تفلحون — اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

(۲) واذکر اسم ربک وتبتل الیہ تبتیلاً۔ — تم اللہ کو یاد کرو اور اُس کی طرف یکسو ہو جاؤ۔

(۳) رجالٌ لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ۔ — وہ ایسے لوگ ہیں کہ اُن کو اللہ کی یاد سے نہ تو تجارت غافل کرتی ہے اور نہ خرید و فروخت۔

لیکن قرآن مجید میں جہاں جہاں لفظ ذکر آیا ہے اُن سب مقامات کو پیش نظر رکھنے سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ جن مقامات پر ذکر مطلق نہیں۔ بلکہ کسی خاص زمانہ یا مکان کی قید کے ساتھ آیا ہے، وہاں مطلقاً یاد کرنا نہیں بلکہ کوئی خاص طریقہ عبادت مُراد ہوتا ہے۔ پھر وہ طریقہ عبادت کیا ہوتا ہے؟ اس کی تفصیل وتبیین یا تو خود قرآن مجید کر دیتا ہے، یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قول یا عمل سے اُس کا بیان کر دیتے ہیں۔ صورت ثانی میں یہ ماننا لازمی ہوگا کہ قرآن نے جو کچھ کہا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی مُراد متعین کر دی ہے جس سے انحراف کرنا کسی طرح جائز نہیں ہوگا۔ اور اُس فعل نبوی کو عمل میں لائے بغیر اگر قرآن مجید کے لفظوں کو لغوی معانی کے اعتبار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے کوئی عملی شکل دی گئی تو وہ یقیناً نامعتبر ہوگی۔

اس تقریر سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ آیت زیر بحث یعنی واذکروا اللہ فی ایامٍ معدودات میں ذکر کو چونکہ "ایامٍ معدوداتٍ" کے ساتھ مقید کیا گیا ہے۔ اس لیے یہاں ذکر سے مُراد صرف زبان وقلب سے یاد کرلینا نہیں، بلکہ کوئی مخصوص طریق عبادت ہے، وہ کیا ہے؛ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کو اپنے اقوال مبارکہ اور عملی تقدس سے واضح کردیا ہے کہ وہ رمی جمار ہے اب رہی "ایام معدودات" کی بحث، تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ دونوں لفظ اگرچہ نکرہ ہیں لیکن آیت کا سیاق وسباق دلالت کرتا ہے کہ ان سے مُراد چند خاص دن ہیں، وہ دن کونسے ہیں؟ ان کا بیان بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کردیا ہے۔ اس بنا پر اس آیت کا مطلب یہ ہوا کہ "تم ایام تشریق میں رمی جمار کرو" بس وہ شخص جو اس آیت کو اُس کے ظاہری معنی پر محمول کرکے یہ سمجھتا ہے کہ خدا کو کسی طرح بھی چند دنوں میں یاد کرلینا اس آیت کے حکم کو پورا کردیتا ہے۔ اور اُس کے لیے رمی جمار وایام تشریق کی کوئی قید نہیں، وہ یقیناً فہم قرآن سے بہت بعید ہے اور راہِ حق سے بے شبہ منحرف ہے۔

پھر جس طرح قرآن مجید کے مفرد الفاظ کے معنی کی تعیین کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ لفظ قرآن میں جہاں جہاں آیا ہے اُن سب مواقع کو پیش نظر رکھا جائے۔ اسی طرح کسی آیت سے کوئی حکم استنباط کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ حکم قرآن مجید میں جتنے مواقع پر بیان کیا گیا ہے۔ اُن سب کو ملحوظ رکھا جائے اور ہر ایک موقع کے سیاق وسباق پر مبصرانہ نگاہ ڈال کر اُس حکم کی اصل روح تک پہنچنے کی کوشش کی جائے۔

اس موقع پر یہ عرض کرنا نامناسب نہ ہوگا کہ قرآن مجید کی مثال جدید زمانہ کی کسی مرتب مہذب قانونی کتاب کی نہیں ہے، جس میں تمام احکام مختلف ابواب اور پھر ہر باب کے ذیل میں



© rasailojaraid.com